بسم اللہ الرحمن الرحیم

الا بذکر اللہ تطمئن القلوب
(۲۸) الرعد

# مختصر اذکارِ نقشبندیہ

## و سلاسل اربعہ

از افادات




پیر طریقت رہبر شریعت شاہِ ولایت اِمام الاولیاء

حضرت صوفی محمد یعقوب بادشاہ دامت برکاتہم

نقشبندی، مجددی، چشتی، قادری، سہروردی



خانقاہِ عالیہ نوریہ

A-72 پبلک ہیلتھ سوسائٹی نزد شیر شاہ کالونی
رائے ونڈ روڈ۔ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت ابو ہریرہؓ، حضور اقدس صلی اللہ علیہ والہ وسلم

کا ارشاد نقل فرماتے ہیں

کہ جو شخص جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد اپنی جگہ

سے اُٹھنے سے پہلے ۸۰ مرتبہ درود شریف پڑھے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا۔

اُسکے ۸۰ سال کے گناہ معاف ہونگے اور ۸۰ سال کی

عبادت کا ثواب اسکے لئے لکھا جائیگا۔ ایک اور روایت

میں ہے کہ مجھ پر درود پڑھنا پُل صراط پر گزرنے کے

وقت نور ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الا بذکر اللہ تطمئن القلوب
(۲۸) الرعد

# مختصر اذکارِ نقشبندیہ

## و سلاسل اربعہ

از افادات

پیرِ طریقت رہبرِ شریعت شاہِ ولایت امام الاولیاء

حضرت صوفی محمد یعقوب بادشاہ دامت برکاتہم

نقشبندی، مجددی، چشتی، قادری، سہروردی

خانقاہِ عالیہ نوریہ

A-72 پبلک ہیلتھ سوسائٹی نزد شیر شاہ کالونی
رائے ونڈ روڈ۔ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلٰی اَشْرَفِ الْاَنْبِیَآءِ وَسَیِّدُ الْمُرْسَلِیْنَ ○
وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ○

اما بعد! ہم ربِ جلیل کی پاک بارگاہ میں شکرگزار ہیں کہ اللہ ربّ العزّت نے ہمیں اپنے شیخ حضرت اقدس کی منشاء کے مطابق یہ چند سطور انکی دعاؤں اور صحبت کی طفیل مرتب کرنے کی سعادت بخشی۔ اللہ تعالیٰ اسکو قبول و منظور فرمائیں اور اس کو ہمارے اور ہمارے دوستوں اور محبین و معاونین کیلئے ذریعہ نجات بنائے

آمین

حضرت حافظ قاری عبدالرزاق۔ نقشبندی مجدّدی

---

کتاب حاصل کرنے کیلئے: حافظ قاری عبدالرزاق صاحب

مکتبہ عارفیہ 3/309-15 مین نیشنل ہائی وے

فون نمبر: 0333-3113114

احقر: سید محمد عارف نقشبندی مجدّدی

| نمبر شمار | فہرست مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | مناجات | 2 |
| 2 | نعت شریف | 3 |
| 3 | آداب شیخ | 4 |
| 4 | ہدایات برائے سالکین | 7 |
| 5 | اصطلاحات نقشبندیہ | 7 |
| 6 | طریقہ اسباق سلسلہ نقشبندیہ | 8 |
| 7 | تعریف مراقبہ | 13 |
| 8 | شرائط مراقبہ | 13 |
| 9 | نیت وقوف مراقبات | 14 |
| 10 | اسباق سلسلہ چشتیہ ہاشمیہ | 26 |
| 11 | اسباق سلسلہ قادریہ ہاشمیہ | 27 |
| 12 | اسباق سلسلہ سہروردیہ ہاشمیہ | 31 |
| 13 | شجرہ نقشبندیہ مجدّدیہ ہاشمیہ | 32 |
| 14 | شجرہ چشتیہ ہاشمیہ | 34 |
| 15 | شجرہ قادریہ ہاشمیہ | 36 |
| 16 | شجرہ سہروردیہ ہاشمیہ | 37 |
| 17 | ختم خواجگان | 40 |
| 18 | صبح وشام کی دعاؤں کا بہترین مجموعہ | 48 |
| 19 | دُعا (نظم) | 68 |

# مناجات

ایک نشا سا ہے جو چھائے تیرے نام کے ساتھ
ایک تسلی سی بھی آئے ہے تیرے نام کے ساتھ

عنبرو عود لٹائے ہے تیری یاد جمیل
ایک خوشبو سی بھی آئے ہے تیرے نام کے ساتھ

گویا کونین کی دولت کو سمیٹا اس نے
دل کی دنیا جو بسائے ہے تیرے نام کے ساتھ

ہے تیرا ذکر حلاوت میں کچھ ایسا کہ زباں
ایک نیا ذائقہ پائے ہے تیرے نام کے ساتھ

دل تڑپتا ہے سنُے جب بھی تیرا نام کہیں
آنکھ بھی اشک بہائے ہے تیرے نام کے ساتھ

خوب کیا عشق الٰہی کا اثر ہوتا ہے
روح بھی وجدہ میں آئے ہے تیرے نام کے ساتھ

حشر کیا ہوگا بھلا ان کا تیری دید کے دن
جن کا دل جوش میں آئے ہے تیرے نام کے ساتھ

خوب جی بھر کے جو کرتا ہے تیرا ذکر فقیر
دل کی ظلمت کو مٹائے ہے تیرے نام کے ساتھ

# نعت شریف

محمدؐ ہے ممدوح ذات خدا محمدؐ کا ہو وصف کس سے ادا محمدؐ سا مخلوق میں کون ہے

اسی کا طفیل ہے یہاں جون ہے نہ پیدا اگر ہوتا احمد کا نور نہ ہوتا دو عالم کا ہرگز ظہور

گرفتار تھے نفس وشیطان کی ساتھ پڑے کفر اور شرک میں ہم بھی سب محمدؐ سے ہم کو ملی راہ رب

محمدؐ کی طاعت کر آٹھوں پہر بتاتے ہمیں ایسے وہ داؤ گھات کیا ہم نے جس سے عدوؤں کو مات

محمدؐ محمدؐ کہہ ہر آن میں کہ تا وصل سے حق کے ہو بہرہ ور محبت محمدؐ کی رکھ جان میں

محمدؐ کے ہیں خاص حق کے ولی محمدؐ کی الفت سے اور چاہ سے ملے گا تو امدادؒ اللہ سے

ابوبکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ علیؓ محمدؐ کے اصحاب ازواج وآل

ہر ایک ہے ہدایت کا بدرِ کمال

سیدالطائفہ حضرت حاجی امداداللہ مہاجر مکیؒ رحمتہ اللہ علیہ

# آداب شیخ

- مرشد کی ظاہری حیثیت، قومیت، حشمت وشوکت اور پیشہ وغیرہ پر نظر نہ کرے اور اسے حقیر نہ جانے بلکہ اس نعمت اور فیضان کو جو اللہ تعالیٰ نے شیخ کو عنایت کیا ہے، نگاہ میں رکھ کر اسے حق تعالیٰ کی معرفت کا وسیلہ سمجھے اور کمال صدق ویقین سے اس کی صحبت کا فیض اٹھائے۔
- شیخ کو اپنے حق میں سب سے انفع (زیادہ نفع پہنچنے کا ذریعہ) سمجھے اور یہ اعتماد رکھے کہ میرا اصلاح باطن اور حصول معرفت کا مطلب اسی مرشد سے با آسانی حاصل ہوگا۔ ہر جائی نہ بنے اگر دوسری طرف توجہ کرے گا تو فیض وبرکات سے محروم رہے گا۔
- ہر طرح سے مرشد کا مطیع وفرمانبردار رہے کیوں کہ پیر کی عقیدت اور محبت کے بغیر فیض کا در نہیں کھلتا۔ اور محبت کا تقاضا اطاعت وخدمت ہے۔
- حسب استطاعت جان ومال سے شیخ کی خدمت کرے اور اس پر احسان نہ جتلائے بلکہ شیخ کا احسان سمجھے کہ اس نے خدمت کو شرف قبولیت بخشا۔ شیخ سے کسی قسم کی طمع یا مطالبہ نہ رکھے جتنی بھی خدمت کرے خلوص وللّٰہیت سے کرے تاکہ کمال ایمان سے بہرہ مند ہو۔
- مرشد کے فرمان کو فوراً بجالائے۔ اس کے فعل کی اقتداء اس کی اجازت کے بغیر نہ کرے۔ کیوں کہ بعض اوقات وہ اپنے حال اور مقام کی مناسبت سے کام کرتا ہے۔ جو مرید کے لیے اس کی استعداد سے عالی نہ ہونے کی وجہ سے مضر ہوتا ہے البتہ قولی متابعت اختیار کرتا رہے تاکہ پیر سے محبت اور مناسبت پیدا ہو جائے۔
- مرشد کی موجودگی میں ہمہ تن اس کی طرف متوجہ رہے یہاں تک کہ فرض وسنت کے سوا نفل نماز یا کوئی اور وظیفہ اس کی اجازت کے بغیر نہ پڑھے بلکہ اس کی صحبت کیمیا اثر کو غنیمت سمجھے تاکہ شیخ کی نگاہ شفقت حاصل ہو اور اس کے فیض باطن سے حصہ ملے۔ مشائخ نقشبندیہ رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ شیخ کی موجودگی میں وقوف قلبی کی بجائے رابطہ قلبی (شیخ کے قلب سے مربوط رہنا) زیادہ مفید ہے۔

- شیخ کی صحبت میں باادب ہو کر نہایت عاجزی سے خاموش بیٹھا رہے۔ اور اس کے کلام قدسی کو نہایت غور سے سُنتا رہے اِدھر اُدھر نہ دیکھے اس کی اجازت کے بغیر کلام نہ کرے، بوقت ضرورت مختصر کلام کرے اور نہایت توجہ سے جواب کا منتظر رہے۔ گفتگو آہستگی اور نرمی سے کرے نیز اپنی آواز مرشد کی آواز سے بلند نہ کرے۔ کوئی بات ایسی نہ کہے جو پیر کی سبکی اور گرانی کا سبب بنے۔
- پیر کی مجلس میں اپنے آپ کو کسی طرح ممتاز نہ کرے اور اپنے تیئں حقیر، نیاز مند، تشنگی، اور طلب سے بھرا ظاہر کرے۔
- مرشد کی نشست گاہ پر نہ بیٹھے اس کے مصلیٰ پر پاوں نہ رکھے۔
- بلا اجازت اس کے سامنے کھانا نہ کھائے نہ پانی پیئے نہ وضو کرے نہ اس کے برتن استعمال کرے۔ اس کی طہارت اور وضو کی جگہ طہارت یا وضو نہ کرے۔ جو آداب شیخ کے روبرو بجالاتے ہے وہی پیچھے بھی بجالائے تا کہ اخلاص نصیب ہو۔
- جس جگہ مرشد بیٹھا ہوا ہو اس طرف پاوں نہ پھیلائے نہ اس کی طرف منہ کر کے تھوکے اگر چہ سامنے نہ ہو۔
- شیخ کے سایہ پر قدم نہ رکھے اور حتی الامکان ایسی جگہ کھڑا نہ ہو کہ اس کا سایہ مرشد کے سایہ پر یا اس کے کپڑے پر پڑے۔
- شیخ کے آگے نہ چلے اور پیچھے چلنے میں شرم نہ کرے بلکہ سعادت سمجھے۔
- جب شیخ کھڑا ہو تو مرید بھی کھڑا ہو جائے اور اس کے بیٹھنے کے بعد بیٹھے۔
- شیخ کے روبرو اور پس پشت یکساں رہے۔ اپنا ظاہر و باطن ایک طرح پر رکھے یعنی دل اور زبان کے درمیان کسی قسم کا فرق نہ رکھے۔
- مرشد کے تمام اقوال کو درست جانے اعتراض نہ کرے دل میں شک وشبہ نہ لائے۔ اگر کوئی بات سمجھ نہ آئے تو حضرت موسیٰؑ اور حضرت خضرؑ کا قصہ یاد کرے۔

- شیخ کی سختی اور ڈانٹ ڈپٹ سے دل تنگ نہ ہو اور بدگمانی کو راہ میں نہ آنے دے کیوں کہ شیخ کی سختی طالب کے لیے صیقل کا کام کرتی ہے۔
- دل میں کوئی شبہ گزرنے کی صورت میں فوراً مناسب طریقے سے عرض کر دے اگر وہ شبہ حل نہ ہو تو اپنی فہم کا قصور سمجھے۔ اگر مرشد کوئی جواب نہ دے تو جان لے کہ میں جواب کے لائق نہ تھا۔
- مباحثے اور جھگڑے وغیرہ کی صورت نہ بنائے۔ مرشد کے کلام کو رد نہ کرے اگرچہ حق مرید ہی کی جانب ہو بلکہ یہ اعتقاد رکھے کہ شیخ کی خطا میرے صواب سے بہتر ہے۔
- شیخ کے روبرو بیہودہ باتیں نہ کرے اور نہ ہی کسی کے عیوب بیان کرے۔
- مرشد کے قرابت داروں اور عزیزوں سے محبت و مودت رکھے۔ اس کے دوستوں محبوبوں اور نیز پیر بھائیوں اور طالبوں کی رعایت کرے اس کی بدگوئی اور اس کے مخالفوں سے دور رہے تاکہ استقامت نصیب ہو۔
- اپنے احوال باطن (اچھے ہوں یا بُرے) مرشد کے سامنے عرض کرے کیوں کہ مرشد طبیب روحانی ہے اطلاع کے بعد اصلاح کرے گا۔ مرشد کے کشف پر اعتماد کر کے سکوت نہ کرے۔
- خواب میں جو کچھ دیکھے وہ مرشد سے عرض کرے اگر اس کی تعبیر ذہن میں آئے تو وہ بھی بیان کرے۔ جو درود وظیفہ مرشد تعلیم کرے، اسی کو اپنا معمول بنائے اس کے علاوہ تمام وظیفے چھوڑ دے
- خواہ اپنی طرف سے شروع کیے ہوں یا کسی دوسرے نے بتائے ہوں۔ البتہ اعمال مسنونہ مستثنیٰ ہیں۔
- شیخ کے پاس بیٹھ کر وظیفہ وغیرہ میں مشغول نہ ہو اگر کچھ پڑھنا لازمی ہو تو اس کی نظر سے پوشیدہ بیٹھ کر پڑھے۔
- جو کچھ فیض باطنی اسے پہنچے، اسے مرشد کا طفیل سمجھے اگرچہ خواب یا مراقبہ میں دیکھے کہ کسی دوسرے بزرگ سے فیض پہنچ رہا ہے تو یہ خیال کرے کہ میرے مرشد کا کوئی لطیفہ اس بزرگ کی صورت میں ظاہر ہوا ہے مرشد کا کلام دوسروں کے سامنے اس قدر بیان کرے جس قدر لوگ سمجھ سکیں۔ جس بات کے بارے میں گمان ہو کہ عام لوگوں کی سمجھ سے بالا ہے تو اسے ہرگز بیان نہ کرے۔ کیوں کہ بعض باتیں صرف خواص کے لیے ہوتی ہیں۔

- اگر کوئی مرتبہ یا منصب عنایت ہو تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے قبول کرے، دل میں کوئی دنیوی خیال نہ آئے۔
- اپنے شیخ کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے شیخ کی طرف بغرض بیعت رجوع نہ کرے تا کہ سعادت مندی کی دولت سے مالا مال ہو۔
- جب مرشد اس دارفانی سے رحلت فرما جائے، تو اس کے لیے دعائے مغفرت اور ایصال ثواب کرے تا کہ تعلق روحانی باقی رہے۔

## ہدایات برائے سالکین

عقیدہ اہل سنت والجماعت اپنائے اور ضروری علم حاصل کرے۔

اتباع رسول ﷺ کو لازم جانے۔

اسم ذات "اللہ اللہ" کا ہر دم قلب پر دھیان رکھے۔ یہ خیال ہمہ وقت رہے کہ میں اللہ کو دیکھ رہا ہوں اللہ مجھے دیکھ رہا ہے۔

اخلاق حمیدہ اپنائے مثلاً: تقویٰ، صبر، شکر۔ قناعت، توکل، نماز با جماعت، تلاوت قرآن پاک موت کی یاد، اپنے نفس کا ہر روز محاسبہ اور صالحین کی محبت اخلاق رذیلہ سے اجتناب مثلاً: حرص، بغض، ریاکاری، تکبر، غصہ، بخل، غیبت، جھوٹ، چوری، بدنظری، فحش گوئی۔

## اصطلاحات نقشبندیہ

اے عزیز جاننا چاہیے کہ حضرات نقشبندیہ کی چند اصطلاحات ہیں جن پر اس طریقے کی بنیاد ہے۔

1) ہوش دردم: اس سے مراد ہے کہ ہر دم کے ساتھ بیداری اور ہوشیاری رکھے کوئی دم (سانس) اندر جائے یا باہر آئے بدوں یاد الٰہی نہ ہو کہ اس طریقے کا دارومدار ہی ہوش اور دم پر ہے۔

2) نظر بر قدم: سالک کو چاہیے کہ چلتے پھرتے نگاہ نیچی رکھے تا کہ کسی غیر محرم یا بلاوجہ دوسری چیزوں پر نہ پڑے اس سے قلب کا آئینہ صاف رہے گا۔

3) سفر در وطن: اخلاق رذیلہ سے صفات ملیہ فاضلہ کی طرف پرواز کرے اور کثرت مراقبہ وتصور سے اپنی ہستی کو ذات الٰہی میں گم کر دے۔

4) خلوت در انجمن: ظاہر میں مخلوق کے ساتھ حقوق العباد کی ادائیگی کے لئے اور باطن میں کلیتہً خالق کے ساتھ ہو۔

5) یاد کرد: زبان سے یا قلب سے جیسا بھی شیخ کا ارشاد ہو ذکر میں مشغول رہے۔

6) بازگشت: جب ذاکر خیال وتصور سے نفی اثبات (ذکر) کو پندرہ یا اکیس مرتبہ (ایک سانس میں) کہے اس کے بعد زبان ودل سے مناجات کرے کہ اے خداوند میرا مطلوب آپ ہی ہیں مجھے اپنی رضا اور محبت ومعرفت عطا فرمائیں۔

7) نگہداشت: اپنے قلب کو وساوس شیطانی، معصیت اور لغو سے پاک رکھے۔

8) یادداشت: ہمیشہ ذات مقدس کی طرف اس طرح متوجہ رہے کہ اس میں الفاظ وتخیلات کا دخل نہ ہو۔ یہ دولت منتھایانِ ولایت کو حاصل ہوتی ہے۔

9) وقوف زمانی: سالک ہر وقت اپنے حال سے واقف رہے تاکہ کوئی وقت بھی ذکر الٰہی سے غافل نہ رہے۔

10) وقوف عددی: ذکر نفی اثبات میں رعایت عددی طاق پر موقوف ہے۔

11) وقوف قلبی: ذکر کے وقت توجہ قلب کی طرف رکھے۔

# طریقہ اسباق سلسلہ نقشبندیہ

## 1) پہلا ذکر قلبی

خواجہء خواجگان الاولیاء یکتائے زمانہ حضرت علامہ مجمع البحرین اخندزادہ رحمتہ اللہ علیہ مریدین کو پہلا ذکر "قلبی" دیتے ہیں۔ اس لطیفہ کا رنگ زرد ہے اور یہ حضرت آدم علیہ السلام کے زیر قدم ہے۔ ذکر اس طرح دیا جاتا ہے کہ شہادت والی انگلی مقام قلب پر (جو کہ بائیں پستان کے دو انگل نیچے ہے) رکھتے ہوئے زبان سے تین بار اسم ذات "اللہ" تلقین کرتے ہیں، پھر زبان بند کرواتے ہیں۔ سالک ذکر میں مشغول رہتا ہے اور شیخ کامل مکمل اس کو توجہ کرتا

ہے (توجہ کہتے ہیں اپنی قلبی طاقت کو دوسرے کے قلب پر ڈالنا) یہاں تک کہ اس کا لطیفہ قلب ذاکر ہو جاتا ہے۔اس دورانیہ میں صفات فعلیہ سے تجلی ہوتی ہے اور ستر ہزار حجابات جو کہ اللہ تعالیٰ اور بندہ کے درمیان نور و ظلمت کے ہیں، ان میں سے دس ہزار حجابات رفع ہو جاتے ہیں۔سالک قرب بلا کیف سے اللہ تعالیٰ کے قریب ہو جاتا ہے۔ یہ لطیفہ چونکہ حضرت آدم علیہ السلام کے زیر قدم ہے، تو سالک ان کی ولایت سے حصہّ پاتا ہے۔اور لطیفہ قلب میں صفائی پیدا ہونے کے بعد ایک دوسرا لطیفہ نظر آ جاتا ہے جو کہ لطیفہ روح (اصل الاصل) ہے۔ ماسوا اللہ تعالیٰ کے نسیان اور ذات حق کے ساتھ محویت لطیفہ قلب کے ذاکر ہونے کی تاثیر ہے۔لطیفہ قلب کا حرکت کرنا دافع غفلت اور دافع شہوت ہے۔

## 2) دوسرا ذکر روحی

یہ ذکر قلبی کے جاری ہونے کے بعد دیتے ہیں۔لطیفہ روح کا رنگ سرخ ہے اور یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے زیر قدم ہے۔اس کا مقام سینہ انسان میں دائیں پستان کے دو انگل نیچے کی جانب مائل بہ پہلو ہے اس کا ذکر بھی "اللہ" ہے۔سالک اس لطیفہ میں بھی ذکر کے ساتھ اٹھتے چلتے پھرتے ہر حالت میں مشغول رہتا ہے اور شیخ مبارک اس کو توجہ دیتا ہے یہاں تک کہ یہ لطیفہ بھی ذاکر ہو جاتا ہے اور سالک پر صفات ثمانیہ ثبوتیہ ذاتیہ حقیقیہ سے تجلی ہوتی ہے اور ستر ہزار حجابات میں سے دس ہزار حجابات مزید رفع ہو جاتے ہیں۔اور سالک قرب بلا کیف سے قریب ہوتا جاتا ہے۔ یہاں سالک حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے ولایت سے حصہ لیتا ہے۔ اور جب یہ لطیفہ ذاکر ہو جائے اور اس میں صفائی پیدا ہو جائے تو اس میں تیسرا لطیفہ سر ہے جو کہ اصل الاصل ہے۔ ذکر روحی کی تاثیر اسم ذات کی صفائی تجلیات کا ظہور ہے۔اس لطیفہ کی حرکت سے غصہ وغضب کی کیفیت میں اعتدال اور طبیعت میں سکون پیدا ہوتا ہے۔

## 3) تیسرا ذکر سری

لطیفہ سر کا رنگ سفید ہے اور یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زیر قدم ہے۔ یہ ذکر لطیفہ روحی کے جاری ہونے کے بعد دیتے ہیں اس کا مقام بائیں پستان کے دو انگل اوپر مائل بہ بائیں ہاتھ ہے۔اس کا ذکر بھی "اللہ" ہے۔اس کا اثر اللہ تعالیٰ کے شیونات اور اعتبارات کا ظہور ہے۔ یہ مشاہدہ اور دیدار کا مقام ہے

(صاحب کشف کے لئے)۔حرص کا خاتمہ ہوتا ہے، دینی معاملات میں فیاضی اور فکر آخرت کی بیداری پیدا ہوتی ہے۔اس لطیفہ کے ذاکر ہونے کے ساتھ ساتھ سالک شیونات سے تجلی لیتا ہے اور یہ لطیفہ چونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زیر قدم ہے اس لئے سالک ان کی ولایت سے اس میں حصہ لے لیتا ہے اور ستر ہزار حجابات میں سے دس ہزار حجابات یہاں بھی اٹھ جاتے ہیں اور سالک قرب کی طرف بڑھتا جاتا ہے۔اس لطیفہ کے صیقل ہونے کے بعد ایک اور لطیفہ نظر آجاتا ہے جو کہ لطیفہ خفی ہے (جو کہ اصل اصل اصل الاصل ہے)۔

## 4) چوتھا ذکر خفی

چوتھا ذکر خفی ہے۔لطیفہ خفی کا رنگ سیاہ ہے اور یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زیر قدم ہے۔یہ ذکر سری کے جاری ہو جانے کے بعد دیتے ہیں۔ذکر خفی کا مقام دائیں پستان کے بالکل برابر میں دو انگشت اوپر ہے۔یہ ذکر بھی اسم جلالت "اللہ" کا ہے۔اس لطیفہ میں سالک ذکر کرتا ہوا صفات سلبیہ کی تجلیات سے بہرہ ور ہوتا جاتا ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ لسلام کی ولایت سے حصہ لے لیتا ہے۔ساتھ ساتھ ستر ہزار حجابات میں سے مزید دس ہزار حجابات اور بھی اٹھتے جاتے ہیں اور سالک قرب بلا کیف سے اللہ تعالیٰ کے قریب ہوتا جاتا ہے۔یہاں تک کہ اس لطیفہ میں ایک اور لطیفہ نظر آجاتا ہے جو کہ لطیفہ اخفیٰ (اصل اصل اصل الاصل) ہے۔جس طرح کہ ایک آئینہ دوسرے آئینہ کے سامنے رکھ دیا جاتا ہے اور اس میں اس کا عکس نظر آتا ہے۔اس لطیفہ کے ذاکر ہونے کا اثر یہ ہے کہ حسد، بخل، کینہ، غیبت وغیرہ سے نجات حاصل ہوتی ہے۔

## 5) پانچواں ذکر اخفیٰ

کا رنگ سبز ہے اور یہ ہمارے آقا و مولا حضرت محمد مصطفی ﷺ کے زیر قدم ہے۔یہ اخفیٰ کی پختگی کے بعد دیا جاتا ہے اس کا مقام لطیفہ سری اور خفی کے بالکل درمیان اور برابر میں ہے۔اس کا ذکر بھی "اللہ" ہے۔ جب سالک ذکر کرتا رہتا ہے اور شیخ سے توجہ لیتا رہتا ہے تو یہ لطیفہ بھی ذاکر ہو جاتا ہے۔ذاکر ہونے کے ساتھ شان جامع سے تجلی لیتا ہے اور ستر ہزار حجابات میں سے دس ہزار حجابات قطع ہو جاتے ہیں۔سالک اور بھی قریب ہو جاتا ہے اور یہ لطیفہ چونکہ حضرت محمد ﷺ کے زیر قدم ہے لہٰذا سالک ان کی ولایت سے حصہ لیتا ہے۔اس لطیفہ کے ذاکر ہو جانے کا اثر یہ ہے کہ سالک تکبّر غرور اور خود پسندی وغیرہ سے نجات اور حضور و اطمینان حاصل کر لیتا ہے۔اور اس لطیفہ میں سالک کو اپنا نفس نظر آجاتا ہے۔یہ وہ مقام ہے جس کے بارے میں رسول اکرم ﷺ نے فرمایا "من عرف نفسہ فقد عرف ربہ "یعنی جس نے اپنے نفس کو

پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔ یہاں سالک پر عارف کا اطلاق ہو جاتا ہے۔

## 6) چھٹا ذکر نفسی

ذکر اخفی جاری ہونے کے بعد نفسی ذکر دیا جاتا ہے۔ اس کا مقام پیشانی میں بیچ کی جگہ پر ہے اور اس کا رنگ خاکی ہے۔ اس کا ذکر بھی "اللہ" ہے۔ لطیفہ نفس میں ذکر کرتے ہوئے سالک نفس مطمئنہ ہونے کے بعد راضیہ و مرضیہ بن جاتا ہے اور ستر ہزار حجابات میں سے دس ہزار حجابات اور بھی قطع ہو جاتے ہیں۔

## 7) ساتواں ذکر قالبی

لطیفہ قالبی کا رنگ آتش نما ہے۔ اس ذکر کو سلطان الاذکار بھی کہا جاتا ہے اور ذکر قالبی بھی۔ اس کا مقام سر کے اوپر والی جانب، سر کے بالکل درمیان میں ہے لیکن فیض پورے جسم میں داخل ہوتا ہے۔ اس کا ذکر بھی "اللہ" ہے۔ سالک ذکر کرتا ہوا لطیفہ قالب کے عناصر اربعہ یعنی ہوا، آگ، مٹی اور پانی کی سرکشی کو اعتدال کی طرف لانے میں کوشش کرتا ہے جس کو رسول اکرم ﷺ نے جہاد اکبر سے تعبیر کیا ہے۔ جب غزوہ خندق سے آپ ﷺ اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین واپسی فرما رہے تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا "رجعنا من الجهاد الاصغر الی الجهاد الاكبر" (ہم چھوٹے جہاد سے بڑے جہاد کی طرف واپس ہوئے)۔ یہاں پر اکثر لوگ جہاد اکبر سے نفس کے ساتھ جہاد مراد لیتے ہیں۔ لیکن یہ خطا ہے۔ کیونکہ رسول اکرم ﷺ اور صحابہ کرام کے نفوس پہلے سے مطمئن و راضیہ تھے۔ تو جہاد اکبر سے مراد اس حدیث میں عناصر اربعہ کے ساتھ جہاد کرنا ہے، جن کی طبیعت میں سرکشی ہے۔ سالک جب تک ان کی طرف متوجہ رہتا ہے، تو یہ اعتدال کی حالت میں ہوتے ہیں اور جیسے ہی توجہ ہٹاتا ہے تو یہ اپنی اصل (سرکشی) کی طرف لوٹتے ہیں۔ اور اسی وجہ سے واعبد ربک حتی یاتیک الیقین" (الایۃ) یعنی مرتے دم تک عبادت کا امر دیا گیا ہے۔ لطیفہ قالبی میں ذکر کرتا ہوا سالک حجابات نور و ظلمت میں سے دس ہزار حجابات اور بھی قطع کر دیتا ہے اور وصل عریانی سے مشرف ہو جاتا ہے۔ یعنی ستر ہزار حجابات تمام کے تمام رفع ہو جاتے ہیں۔ اس کی تاثیر رزائل بشریہ اور علائق دنیویہ سے مکمل رہائی پا لینے کے بعد تمام بدن میں ظاہر ہوتی ہے۔

## لطائف کی عالم امر و عالم خلق کے اعتبار سے تقسیم:

جہاں جہاں مقامات اذکار ہیں انہیں اہل نقشبندیہ لطائف کہتے ہیں اور ان سات لطائف میں پہلے پانچ یعنی سینے والے (قلب، روح، سر، خفی، اخفی) لطائف کو عالم امر سے موسوم کیا جاتا ہے اور باقی دو کو جو آخری ہیں، لطائف عالم خلق کہتے ہیں

## لطائف کے انوار

لطیفہ قلبی کا نور زرد اور روحی کا سرخ ہوتا ہے۔ اور بعض لوگ اس کے برعکس، یعنی قلبی کا سرخ اور روحی کا زرد بتاتے ہیں۔ لطیفہ سری کا نور سفید ہوتا ہے، اور لطیفہ خفی کا نور سیاہ، لطیفہ اخفیٰ کا نور سبز ہوتا ہے جبکہ لطیفہ نفسی کا خاکی ہوتا ہے۔

## ذکر نفی اثبات کا طریقہ

لطائف کے اذکار جاری ہونے اور اچھی طرح پختہ ہونے کے بعد ذکر نفی اثبات دیا جاتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ بالکل اطمینان کے ساتھ ماسویٰ اللہ کو باطن سے مٹا کر بیٹھ جائے اور رابطہ شیخ کے ساتھ لا الہ الا اللہ کا ذکر کرے، اس طرح کہ سانس بند کر کے لفظ "لا" کو تصور کے ساتھ ناف سے اٹھا کر سر کی آخری حد یعنی قالبی تک لے جائے اور لفظ الہ " کو پورے خیال کے ساتھ دائیں کندھے پر لے جائے اور تصور میں ماسویٰ اللہ کو نیچے پھینک دے اور لفظ الا اللہ" کے ساتھ دل پر شدت سے ضرب لگائے یہاں تک کہ ذکر کی حرارت کا اثر تمام عالم امر کے لطائف میں ظاہر ہو۔ یعنی لفظ "لا" کے ساتھ باطن سے ماسویٰ اللہ کو اٹھا کر اور الہ کے ساتھ سیدھے کندھے کی جانب نیچے پھینک دے۔ اور لفظ "الا اللہ" کے ساتھ اپنے قلب میں تصور اللہ کو باقی رکھے۔ جب سانس میں سالک دقت محسوس کرے تو سانس کو طاق عدد پر خالی کر دے۔ یعنی اگر وہ جس دم میں نفی اثبات کا ذکر دس مرتبہ کر چکا ہے اور سانس میں تنگی محسوس کرنے لگا ہے تو گیارہ پر سانس کو خالی کر دے۔ یعنی طاق عدد پر سانس کھولنے کے بعد یہ دعا پڑھے: الٰھیٰ انت مقصودی ورضاک مطلوبی اعطنی محبتہ ذاتک ومعرفتہ صفاتک ہر بار لا الہ الا اللہ کے ساتھ تصور میں، ہی لا معبود الا اللہ، لا مقصود الا اللہ، لا موجود الا اللہ، لا مطلوب الا اللہ، ان چاروں میں سے کسی ایک کا معنی دل میں حاضر رکھے، لیکن یاد رکھے کہ مذکورہ آٹھوں اذکار میں زبان بند رہے گی اور یہ سارے اذکار تصور سے کرنے کے ہیں۔

ایک بار پھر بتاتے چلیں کہ نفی اثبات میں ان باتوں کا خیال رکھیں:

۱) سانس بند رہے

۲) معنی دل میں حاضر رکھ کر مذکورہ بتلائے ہوئے طریقے سے تصور قائم رکھے۔

۳) تعداد کا خیال رکھے کہ جب سانس کھولنا ہو تو طاق عدد پر ہی کھولے۔

۴) سانس چھوڑتے وقت محمد رسول ﷺ تصور سے پڑھے۔

نفی اثبات میں زیادہ محنت کی ضرورت ہوتی ہے، کہ اس سے کافی حد تک مقامات طے ہو جاتے ہیں اور افاضہ اور استفادہ کی قوت کافی حد تک نفی اثبات سے بڑھتی ہے۔ یعنی آدمی میں نفی اثبات کی کثرت سے دوسرے کو فیض پہنچانے اور دوسرے سے فیض حاصل کرنے کی قوت کافی حد تک پیدا ہوتی ہے۔ نفی اثبات کے پختہ ہونے کے بعد مراقبات دیئے جاتے ہیں اور سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ میں کل چھتیس (۳۶) مراقبات ہیں۔

# تعریفِ مراقبہ

مراقبہ رقوب سے مشتق ہے جس کے معنی محافظت اور نگہبانی کے ہیں۔ مراقبہ کی تعریف یہ ہے کہ اکثر حالات میں اپنے خیال کو ایک خاص وقت تک پوری پوری توجہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی صفات کی طرف لگانا۔ خلاصہ یہ ہے کے کسی ایک مفہوم میں اس طرح ڈوب جائے کی سوائے اس کی کوئی چیز دھیان میں نہ رہے۔ معمولات مظہریہ میں ہے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں مراقبہ یہ ہے کہ پہلے آنکھ بند کر کے لطائف میں سے کسی ایک لطیفہ کی طرف متوجہ ہونا چاہئے اور اللہ جل جلالہ کی جانب سے اس لطیفہ پر فیض کا انتظار کرنا چاہیے۔ مراقبہ آیات قرانیہ اور احادیث رسول ﷺ سے ثابت ہے۔

# شرائط مراقبہ

۱) مراقب کو چاہیے کہ مراقبہ کے وقت کامل طہارت اور بہ جمیع خاطر اس طرح فیضانِ الٰہی کی طرف متوجہ ہو کہ سوائے اصل مقصد کے کسی اور طرف میلان نہ ہو۔

۲) صاحب مراقبہ کے لئے ضروری ہے کہ پہلے لطائف عشرہ اور نفی اثبات طے کر چکا ہو اور اپنے مرشد کامل و مکمل سے مراقبات کرنے کی اجازت حاصل ہو۔

۳) ہر مراقبہ میں ایام کی تعداد یعنی کتنے دن تک اس میں رکنا ہے یہ موصوف مرشد کے حکم پر موقوف ہے۔

۴) ہر مراقبہ کے کچھ آثار اور کفایت ہوتی ہیں۔ لہذا اصاحب مراقبہ کے لئے شریعت وطریقت کی حتیٰ الامکان کامل اتباع ضروری ہے تاکہ آثار پا سکے۔

۵) مراقبہ کے وقت اس طرح بیٹھے کہ اگر نیند بھی آجائے تو تجدید وضو کی ضرورت نہ پڑے کہ عموماً مراقبات میں نیند کا غلبہ ہو جاتا ہے

۶) جو واقعات حالتِ مراقبہ میں اس پر ظاہر ہوں بحضورِ مرشد عرض کر کے بالخصوص عالمِ امر کے ظہور میں اس مقام پر مشابہت بیچونیت کو دیکھے گا۔ اس کو دیکھنے میں کہیں فریضتہ نہ ہو جائے بہت سے سادہ لوح افراد اس وادی میں سوئے ہوئے ہیں (یعنی اس مقام پر رہ گئے ہیں)

۷) جتنے ایام کی پابندی کا حکم ہوا ہے۔ اس میں کوتاہی وغفلت نہ کرے۔

۸) طالب حق کو چاہیے کہ حتیٰ الامکان کوشش کر کے مراقبات کی نیت کو یاد کرے اور مشائخ کے طریقہ کو کسی وقت بھی ہاتھ سے نہ جانے دے۔

۹) مراقبات کی نیت فارسی میں یاد کرنا ضروری ہے۔ اردو میں صرف سالکین کے فائدے اور آسانی کے لئے لکھی گئی ہے۔ کیونکہ امام ربانیؒ نے نیت فارسی میں مقرر فرمائی ہے۔ اس لئے دوسری زبان اختیار کرنے سے الفاظ بدل جانے اور فیض ختم ہو جانے کا اندیشہ اور ترقی رک جانے کا خدشہ ہے۔

## نیت وقوف مراقبات

### ۱) نیت مراقبہ وقوفِ قلب:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں بہ لطیفۂ قلبی من بواسطہ

پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: ذاتِ بے مثل کا فیض میرے لطیفۂ قلب میں

پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطہ سے آرہا ہے۔

## ۲) نیت مراقبہ وقوفِ روح:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں بہ لطیفہ ءروحی من بواسطہ ء

پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: ذاتِ بے مثل کا فیض میرے لطیفہ روح میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطہ سے آرہا ہے

## ۳) نیت مراقبہ وقوفِ سِر:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں بہ لطیفہ ءسری من بواسطہ ء

پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: ذاتِ بے مثل کا فیض میرے لطیفہ ءسر میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطہ سے آرہا ہے۔

## ۴) نیت مراقبہ وقوفِ خفی:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں بہ لطیفہ ءخفی من بواسطہ ء

پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: ذاتِ بے مثل کا فیض میرے لطیفہ ءخفی میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے آرہا ہے۔

## ۵) نیت مراقبہ وقوفِ اخفیٰ:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں بہ لطیفہ ءاخفائے من

بواسطہ ءپیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: ذاتِ بے مثل کا فیض میرے لطیفہ ءاخفیٰ میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے آرہا ہے

## ٦) نیت مراقبہ وقوفِ نفسی:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں بہ لطیفہء نفسی من بواسطہء

پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: ذاتِ بے مثل کا فیض میرے لطیفہء نفس میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطہ سے آرہا ہے

## ٧) نیت مراقبہ وقوفِ قالبی:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں بہ لطیفہء قالبی من

بواسطہء پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: ذاتِ بے مثل کا فیض میرے لطیفہء قالبی میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطہ سے آرہا ہے

## ٨) نیت مراقبہ وقوفِ خمسہ عالم امر

فیض می آید از ذاتِ بے چوں بہ لطیفہء خمسہ عالم امر من

بواسطہء پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: ذات بے مثل کا فیض میرے لطائف خمسہ عالم امر میں

پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے آرہا ہے

## ٩) نیت مراقبہ وقوف خمسہ عالم خلق:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں بہ لطیفہء خمسہ عالم خلق

من بواسطہء پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: ذاتِ بے مثل کا فیض میرے لطیفہء خمسہ عالم خلق میں

پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطہ سے آرہا ہے

## ۱۰) نیت مراقبہ وقوفِ مجموعہ لطائف عالم امر اور عالم خلق:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں بہ مجموعہ لطائف عالم امر و عالم
خلق من بواسطہ ٔ پیران کبار رحمتہ علیہم اجمعین

ترجمہ: ذاتِ بے مثل کا فیض میرے لطائف عالم امر و عالم خلق میں
پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطہ سے آ رہا ہے

## ۱۱) نیت مراقبہ احدیت:

فیض می آید از ذاتِ بے چوں کہ جامع جمیع صفات و کمالات است و منزہ از جمیع عیوب و نقصانات
است و بے مثل است بہ لطیفہ ٔ قلبی من بواسطہ ٔ
پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: ذاتِ بے مثل کا فیض جو تمام صفات و کمالات کا جامع ہے اور تمام عیوب اور نقائص سے پاک ہے
اور بے مثل ہے میرے لطیفہ ٔ قلب میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطہ سے آ رہا ہے

## ۱۲) نیت مراقبہ اصل قلب:

الٰہی قلب من بمقابل قلب نبی علیہ السلام آں فیض تجلائے
صفات فعلیہ خود کہ از قلب نبی علیہ السلام بہ قلب
آدم علیہ السلام رسانیدہ بہ قلب من نیز برسانی بواسطہ ٔ
پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: الٰہی میرا لطیفہ ٔ قلب بلمقابل قلب نبی علیہ السلام کے اپنی صفات فعلیہ کے فیض کی وہ تجلی جو تو نے
نبی علیہ السلام کے لطیفہ ٔ قلب سے آدم علیہ اسلام کے لطیفہ ٔ قلب تک پہنچائی۔
پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے طفیل میرے لطیفہ ٔ قلب تک پہنچا دے۔

## ۱۳) نیت مراقبہ اصل روح

الٰہی روح من بمقابل روح نبی علیہ السلام آں فیض تجلائے صفات ثمانیہ،ثبوتیہ، ذاتیہ ، حقیقیہ خودکہ ازروح
نبی علیہ السلام بہ روح ابراہیم ونوح علیہ السلام رسانیدہ بہ روح من نیز
برسانی بواسطہء پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: الٰہی میری روح نبی علیہ السلام کی روح نبی علیہ السلام کی رِوح کے بلمقابل اپنی آٹھ
صفات ثبوتیہ، ذاتیہ، حقیقیہ کے فیض کی وہ تجلی جوتو نے نبی علیہ السلام کی روح سے ابراہیم اورنوح علیہ السلام
کی روح تک پہنچائی پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے طفیل میرے لطیفہءروح تک پہنچادے۔

## ۱۴) نیت مراقبہ اصل سر:

الٰہی سرمن بمقابل سرنبی علیہ السلام آں فیض تجلائے شیونات ذاتیہ خودکہ از سر نبی علیہ السلام بہ سرموسیٰ
علیہ السلام رسانیدہ بہ سرمن نیز برسانی بواسطہء
پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: الٰہی میرا لطیفہءسر نبی علیہ السلام کے لطیفہءسر کے بالمقابل ہے اپنی ذاتی شانوں کے فیض کی تجلی جوتو نے نبی
علیہ السلام کے سر سے موسیٰ علیہ السلام کے سر تک پہنچائی پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین
کے طفیل میرے لطیفہءسر تک پہنچادے۔

## ۱۵) نیت مراقبہ اصل خفی:

الٰہی خفی من بمقابل خفی نبی علیہ السلام آں فیض تجلائے صفات سلبیہ،خودکہ از خفی نبی علیہ السلام
بہ خفی عیسیٰ علیہ السلام رسانیدہ بہ خفی من نیز برسانی
بواسطہءپیران کبار رحمتہ علیہم اجمعین

ترجمہ: الٰہی میرا لطیفہ خفی نبی علیہ السلام کے لطیفہءخفی کے بلمقابل اپنی صفات سلبیہ کے فیض کی وہ تجلی جوتو نے نبی علیہ
السلام کے خفی سے عیسیٰ علیہ السلام کے خفی تک پہنچائی پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے میرے لطیفہءخفی تک پہنچادے۔

## ۱۶)نیت مراقبہ اصل اخفیٰ:

الٰہی اخفائے من بمقابل اخفائے نبی علیہ السلام آں فیض تجلائے شانِ جامع خود کہ بہ اخفائے نبی علیہ السلام
رسانیدہ بہ اخفائے من نیز برسانی بواسطہ ء پیران
کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: الٰہی میرا لطیفہ اخفیٰ نبی علیہ السلام کے اخفیٰ شریف کے بلمقابل ہے اپنی شان جامع کے فیض کی وہ تجلی
جوتو نے نبی علیہ السلام کے اخفیٰ شریف تک پہنچائی میرے لطیفہ اخفیٰ
میں بھی پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے طفیل سے پہنچادے۔

## ۱۷)نیت مراقبہ معیت:

فیض می آید از ذات بے چوں کہ ہمراہ است ہمراہ من وبھمراہ جمیع ممکنات بلکہ ہمراہ ہر ذرہ از ذراتِ ممکنات بہ
ہمراہی بے چوں بمفہوم ایں آیہ کریمہ وھومعکم اینما کنتم
بہ لطائف خمسہ عالم امر من بواسطہ ء پیران
کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس ذاتِ بے مثل کا فیض جوکہ میرے ہمرہ ہے اور تمام ممکنات کے ہمراہ ہے بلکہ ممکنات کے ذرات
میں سے ہر ذرہ کے ہمراہ ہے بے مثل کی ہمراہی کے ساتھ اس آیت کریمہ کے مفہوم کے مطابق
(وہ ہر جگہ تمہارے ساتھ ہے) میرے لطائف خمسہ عالم امر میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم کے واسطے سے آرہا ہے

## ۱۸)نیت مراقبہ اقربیت:

فیض می آید از ذات بے چو کہ اصل اسماوصفات است کہ نزدیک تر است از من بمن واز رگِ گردن من بمن بہ
نزدیکی بلا کیف بمفہوم ایں آیہ کریمہ ونحن اقرب الیہ من حبل الورید بلطیفہ ء نفسی من باشرکت لطائف خمسہ
عالمِ امر من بواسطہ ء پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس ذاتِ بے مثل کا فیض جو کہ اسماوصفات کا اصل ہے کہ وہ میری ذات سے زیادہ قریب ہے مجھ سے اور میری گردن کی رگ سے زیادہ مجھ سے قریب ہے بلا کیف نزدیکی کے ساتھ اس آیت کریمہ کے بمفہوم کے مطابق ونحن اقرب الیہ من حبلِ الورید (اور ہم بندوں کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہیں) میرے لطیفہء نفسی میں لطائف خمسہ عالم امر کے ساتھ پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے آ رہا ہے۔

## ۱۹) نیت مراقبہ محبتِ اول:

فیض می آید از ذات بیچوں کہ اصل اصل اسماء صفات است

کہ دوست می دارو مرا ومن دوست می دارم اور بمفہوم ایں آیہ

کریمہ یحبھم ویحبونہ خاص بلطیفہ نفسی من بواسطہ ء

پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس ذاتِ بے مثل کا فیض جو اسماء وصفات کا اصل اصل ہے جو مجھ کو دوست رکھتا ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں اس آیات کریمہ کہ مفہوم کے مطابق یحبھم ویحبونہ (اللہ تعالیٰ ان کو دوست رکھتا ہے اور وہ اللہ کو دوست رکھتے ہیں) خاص کہ میرے لطیفہء نفسی میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے آ رہا ہے۔

## ۲۰) ۱۹) نیت مراقبہ محبت دوم:

فیض می آید از ذات بے چوں کہ اصل اصل اصل اسماء صفات است

کہ دوست می دارد مرا ومن دوست می دارم اور بمفہوم ایں آیہ

کریمہ یحبھم ویحبونہ خاص بلطیفہ نفسی من بواسطہ ء

پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس ذاتِ بے مثل کا فیض جو اسماء وصفات کا اصل اصل اصل اسماء وصفات ہے جو مجھ کو دوست رکھتا ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں اس آیت کریم کے مفہوم کی وجہ سے یحبھم ویحبونہ (اللہ تعالیٰ ان

کو دوست رکھتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کو دوست رکھتے ہیں) خاص کہ میرے لطیفہء نفسی میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے آ رہا ہے۔

## ۲۱) نیت مراقبہ دائرہ قوسی:

فیض می آید از ذات بیچوں کہ اصل اصل اصل اصل اسماء و صفات است و دائرہ قوسیت کہ دوست می دارد مرا و من دوست می دارم او را بمفہوم ایں آیہ کریمہ یحبھم و یحبونہ

خاص بلطیفہ نفسی من بواسطہء پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس ذاتِ بے مثل کا فیض جو اصل اصل اصل اصل اسماء صفات ہے اور دائرہ قوسی ہے کہ وہ مجھ کو دوست رکھتا ہے اور میں اس کو دوست رکھتا ہوں اس آیت کریمہ کے مفہوم کے مطابق یحبھم و یحبونہ (اللہ تعالیٰ ان کو دوست رکھتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کو دوست رکھتے ہیں) خاص کے میرے لطیفہء نفسی میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے آ رہا ہے۔

## ۲۲) نیت مراقبہ اسم ظاھر

فیض می آید از ذات بیچوں کہ مسمّی بہ اسم ظاہر است بہ مفہوم ایں آیہ کریمہ ھوالاول والاخر والظاھر والباطن وھو بکل شئی علیم خاص بہ لطیفہء نفسی من بواسطہء پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس ذات بے مثل کا فیض جو کہ اسم ظاہر کے ساتھ موسوم ہے اس آیت کریمہ کے مفہوم کے مطابق ھوالاول والاخر والظاھر والباطن وھو بکل شئی علیم خاص کر میرے لطیفہ نفسی میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے آ رہا ہے

## ۲۳) نیت مراقبہ اسم باطن

فیض می اید از ذات بیچوں کہ مسمّی بہ اسم باطن است کہ منشاء ولایت علیا است کہ ولایت ملاء اعلیٰ است بمفہوم ایں آیہ کریمہ ھوالاول والاخر والظاھر والباطن وھو بکل شئی علیم

بہ عناصر ثلاثہ من آب و باد و نار است بواسطہء پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس ذاتِ بے مثل کا فیض ہے کہ اسم باطن سے موسوم ہے اس آیت کریمہ کے مفہوم کے مطابق ھوالاول والاخر والظاھر والباطن وھو بکل شیٔ علیم میرے عناصر ثلاثہ یعنی پانی، ہوا اور آگ پر پیرانِ کبار رحمتہ اللہ و علیھم اجمعین کے واسطے سے آ رہا ہے۔ فیض کا منشاء دائرہ ولایت علیا ہے جو ملائکہ عظام کی ولایت ہے نیت کر کے عناصر ثلاثہ پر فیض حاصل کرنے کا خیال کرے۔

## ۲۴) نیت مراقبہ کمالات نبوت:

فیض می آید از ذات بے چوں کہ منشاء کمالاتِ نبوت است بہ

عنصر خاک من بواسطہ پیران کبار رحمتہ اللہ علیھم اجمعین

ترجمہ: اس ذات بے مثل کا فیض جو کہ منشاء کمالات نبوت ہے میرے عنصر خاک

میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیھم اجمعین کے واسطے آ رہا ہے۔

## ۲۵) نیت مراقبہ کمالات رسالت:

فیض می آید از ذات بے چوں کہ منشاء کمالات رسالت است بہ ہیئت وحدانی من بواسطہ پیران

کبار رحمتہ اللہ علیھم اجمعین

ترجمہ: اس ذات بے مثل کا فیض جو کہ منشاء کمالات رسالت ہے میری ہیئت وحدانی

(مجموعہ لطائف عالم امر و عالم خلق) میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیھم اجمعین کے واسطے آ رہا ہے۔

## ۲۶) نیت مراقبہ کمالات انبیاء اوّل العزم:

فیض می آید از ذات بے چوں کہ منشاء کمالات انبیاء اولوالعزم

است بہ ہیئت وحدانی من بواسطہ پیران کبار رحمتہ اللہ علیھم اجمعین

ترجمہ: اس ذات بے مثل کا فیض جو کہ منشاء کمالات انبیاء اولوالعزم ہے

میری ہیئت وحدانی (مجموعہ لطائف عالم امر و عالم خلق) میں پیران

کبار رحمتہ اللہ علیھم اجمعین کے واسطے سے آ رہا ہے۔

## ۲۷) نیت مراقبہ حقیقت کعبہ ربانی:

فیض می آید از ذات بے چوں کہ مسجود جمیع ممکنات است منشاء حقیقت کعبہ ربانی است بہ ہیئت وحدانی من بواسط پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس ذات بے مثل کا فیض جو کہ تمام ممکنات کا مسجود ہے اور منشاء حقیقت کعبہ ربانی ہے میری ہیئت وحدانی میں پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم کے واسطے سے آ رہا ہے۔

## ۲۸) نیت مراقبہ حقیقت قرآن مجید:

فیض می آید از وسعت بیچوں حضرت ذات کہ منشاء حقیقت قرآن مجید است بہ ہیئت وحدانی من بواسط پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: حضرت بے مثل ذات کہ منشاء حقیقت قرآن مجید ہے کہ وسعت سے میری ہیئت وحدانی پر فیض آ رہا ہے بواسط پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

## ۲۹) نیت مراقبہ حقیقت صلوۃ:

فیض می آید از کمال وسعت بیچوں حضرت ذات کہ منشاء حقیقت صلٰوہ است بہ ہیئت وحدانی من بواسطہ بواسط پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: بے مثل حضرت ذات کی طرف سے جو کہ منشاء حقیقت صلٰوۃ ہے میری ہیئت وحدانی پر کمال وسعت سے فیض آ رہا ہے پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے۔

## ۳۰) نیت مراقبہ معبودیت صرفہ:

فیض می آید از ذات بے چوں کہ منشاء معبودیت صرفہ است بہ ہیئت وحدانی من بواسط پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس ذات بے مثل کی طرف سے جو کہ منشاء معبویت صرفہ ہے میری ہیئت وحدانی پر فیض آرہا ہے پیران کبار رحمۃ اللہ علیھم اجمعین کے واسطے سے۔

## ۳۱) نیت مراقبہ حقیقت ابراھیمی:

فیض می آید از ذات بیچوں کہ محبّ صفات خود است منشاء حقیقت ابراھیمی است بہ ہیئت وحدانی من بواسط پیران کبار رحمۃ اللہ علیھم اجمعین

ترجمہ: اس بے مثل ذات کی طرف سے جو کہ اپنی صفات کہ محبّ اور منشاء حقیقت ابراھیمی ہے میری ہیئت وحدانی پر فیض آرہا ہے بواسط پیران کبار رحمۃ اللہ علیھم اجمعین۔

## ۳۲) نیت مراقبہ حقیقت موسوی:)

فیض می آید از ذات بے چوں کہ محبّ ذات خود است منشاء حقیقت موسوی است بہ ہیئت وحدانی من بواسط پیران کبار رحمۃ اللہ علیھم اجمعین

ترجمہ: اس بے مثل ذات کی طرف سے جو کہ اپنی ذات کی محبّ اور منشاء حقیقت موسوی ہے پیران کبار رحمۃ اللہ علیھم اجمعین سے میری ہیئت وحدانی پر فیض آرہا ہے۔

## ۳۳) نیت مراقبہ حقیقت محمدی ﷺ:

فیض می آید از حضرت ذات بیچوں کہ محبّ خود است ومحبوب ذات خود است ومنشاء حقیقت محمدی ﷺ است بہ ہیئت وحدانی من بواسط پیران کبار رحمۃ اللہ علیھم اجمعین

ترجمہ: اس حضرت بے مثل کی طرف سے جو کہ اپنی ذات کی محبّ اور محبوب ہے اور منشاء حقیقت محمدی ﷺ ہے میری ہیئت وحدانی پر پیران کبار رحمۃ اللہ علیھم اجمعین کے واسطے سے فیض آرہا ہے۔

## ۳۴) نیت مراقبہ حقیقت احمدی صلی اللہ علیہ وسلم:

فیض می آید از ذات بیچوں کہ محبوب ذات خود است ومنشاء حقیقت
احمدی صلی اللہ علیہ وسلم است بہ ہیئت وحدانی من بواسط پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس ذات بے مثل سے جو کہ اپنی ذات کہ محبوب اور منشاء حقیقت احمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہے میری ہیئت وحدانی پر پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے فیض آرہا ہے۔

## ۳۵) نیت مراقبہ حبِ صرفہ:

فیض می آید از ذات بیچوں کہ منشاء حب صرفہ است بہ ہیئت
وحدانی من بواسط پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس ذات بے مثل سے جو کہ منشاء حب صرفہ ہے میری ہیئت
وحدانی پر پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے فیض آرہا ہے۔

## ۳۶) نیت مراقبہ لاتعین:

فیض می آید از ذات مطلق بیچوں کہ موجود است بہ وجود خارجی
ومنزہ است از جمیع تعینات بہ ہیئت وحدانی من بواسطء
پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین

ترجمہ: اس بے مثل ذاتِ مطلق سے جو کہ وجود خارجی کے ساتھ موجود اور تمام تعینات سے پاک ہے۔
میری ہیئت وحدانی پر پیران کبار رحمتہ اللہ علیہم اجمعین کے واسطے سے فیض آرہا ہے۔

# اسباق سلسلہ چشتیہ ہاشمیہ

خواجہ خواجگان کا مل العصر و مکمل الدھر اخندزادہ رحمۃ اللہ علیہ

سلسلہ نقشبندیہ کے بعد سلسلہ چشتیہ کے اسباق کی تعلیم دیتے ہیں۔

آپ کا طریقہ تعلیم سلسلہ چشتیہ مندرجہ ذیل ہے۔

## ① پہلا سبق:

آپؒ سلسلہ چشتیہ کا پہلا ذکر ''ھو'' دیتے ہیں۔

طریقہ ذکر: ''ھو'' لطیفہ روحی سے تصور کے ساتھ لطیفہ قلب پر اور پھر لطائف سے ہوتے ہوئے دوبارہ لطیفہ روحی پر ضرب لگانا ہے اور زبان سے بھی کہنا ہے۔ کلمہ ''ھو'' کو تلوار جیسا فرض کرنا ہے اور ماسویٰ اللہ کو باطن سے نکال دینا ہے اور چرخ کی طرح لطائف میں گردش کرنا ہے۔ عروج کے لئے لاتعین تک ایک بلا کیف مینار تصور کر کے اس کی باہر کی جانب عروج کیا جاتا ہے۔ اس سبق میں فیض اسماء وصفات کی تفصیل سے لیا جاتا ہے۔

## ② دوسرا سبق:

چشتیہ مبارکہ کا ذکر ''الله ھو'' ہے۔ اس کو اس طرح پڑھنا چاہئے کہ دونوں الفاظ یعنی لفظ ''اللہ'' کو الگ کر کے ظاہر کریں اور لفظ ''ھو'' الگ کر کے ظاہر کریں کیونکہ یہ دونوں الگ الگ نام ہیں، ان کو ایک نام بنا کر پڑھنا یعنی ''اللہ'' یا ''الاّ ھو'' پڑھنا درست نہیں ہے۔

طریقہ ذکر: ''اللہ'' کی ضرب لطیفہ قلب پر اور ھو کی ضرب لطیفہ روح پر ہوتی ہے اور زبان سے بھی کہنا ہے۔ ہر لفظ کو دوسرے سے جدا کر کے پڑھنا چاہئے اور لاتعین تک ایک بلا کیف مینار تصور کر کے اس کے اندر گول گردش کے ساتھ لاتعین تک عروج کرنا ہے۔ اس سبق میں فیض اسماء صفات کی تفصیل اور اجمال کے مابین سے لینا ہے۔

## ③ تیسرا سبق:

تیسرا ذکر "ھواللہ" ہے۔ "ھو" کی ضرب روح پر اور "اللہ" کی ضرب قلب پر اور زبان سے بھی ادا کرنا ہے۔ عروج کے لئے لاتعین تک ایک مینار فرض کرنا ہے۔ اور اس کے اندر سیدھا عروج کرنا ہے۔ اس سبق میں فیض اسماء وصفات کے اجمال سے حاصل ہوتا ہے۔

## ④ چوتھا سبق:

### طریقہ چشتیہ کا چوتھا ذکر مبارک

"انت الھا دی انت الحق لیس الھا دی الا ھو" ہے۔

اس کا طریقہ ذکر اس طرح ہے کہ "انت الھا دی انت" قلب پر اور الحق کا تصور اخفیٰ پر "لیس الھادی" اخفیٰ سے دوبارہ قلب تک لے جائے اور "الا" قلب پر اور "ھو" کا تصور روح پر کرے۔ ساتھ ہی ساتھ زبان سے بھی کہنا ہے۔ یہ ذکر انتہائی عجز وانکساری کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ یہ نزولی سبق کہلاتا ہے۔ طریقہ چشتیہ کے اسباق ختم ہوئے۔ چشتیہ مبارکہ میں عدد کی مراعات نہیں بلکہ نقشبندیہ کی طرح دائمی ذکر کرنا ہے۔

# اسباق سلسلہ قادریہ ہاشمیہ

### قیوم زمان مجدد وقت حضرت آخند زادہ رحمتہ اللہ علیہ

مرید کو سلسلہ چشتیہ کے بعد سلسلہ قادریہ مبارکہ کے اسباق کی تعلیم دیتے ہیں جس کے اسباق ترتیب وار اور طریقہ ذکر درج ذیل ہیں۔

مشائخ سلسلہ قادریہ مریدین کو استغفار کا حکم دیتے ہیں۔ اس کا بہتر وقت صبح صادق سے قبل کا وقت ہے دن رات میں تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ مندرجہ ذیل استغفار پڑھا جاتا ہے۔

استغفر الله الذی لا اله الا هو الحی القیوم و اتوب الیه

یہ استغفار خارج از اسباق ہے لیکن تزکیۂ نفس کے لئے مشائخ عظام حکم دیتے ہیں۔

استغفار کے علاوہ سلسلہ قادریہ کے نو (۹) اسباق ہیں۔

## ۱) پہلا سبق

نفی اثبات یعنی کلمہ طیبہ (لا اله الا الله) اس کا طریقہ یہ ہے کہ لفظ "لا" سے تصور میں جھاڑو بنا کر اس کے ذریعے قلب و باطن سے ماسویٰ اللہ اور کدورت و ظلمت کو سینے کی طرف لطائف سے ہوتے ہوئے دائیں کندھے کی طرف سے اُٹھایا جاتا ہے اور لفظ " اله "بغیر "ہا" ملائے قالب تک لے جائے اور لفظ "ہا" کو بائیں کندھے پر لے جائے۔ اور "الا الله" کی ضرب قوت اور شدت کے ساتھ قلب پر لگائی جائے۔ اس تصور کے ساتھ کے "الا الله" کی ضرب سے انوارات قلب پر وارد ہوں اور کدورات و ظلمات اس طرح ختم ہوں جیسے گرد آلود لوہا ہتھوڑے کی ضرب شدید سے گرد سے پاک ہوجاتا ہے۔ نیز چار معنیٰ میں سے ایک معنیٰ کا تصور ضرور رکھے یعنی

"لا معبود الا الله ، لا مقصود الا الله ، لا موجود الا الله، لا مطلوب الا الله"

تصور میں لفظ لا الہ سے معبودان باطلہ کی نفی اور الا اللہ سے وحدہ لاشریک کا اثبات کرے اس طرح سے جب سو (۱۰۰) مرتبہ پورا ہوجاے ءتو محمد رسول اللہ ﷺ کہے۔

الفاظ کو صحیح اور پورا پورا کلمہ ادا کرنے میں احتیاط کی جائے ورنہ اجر میں کمی ہوگی یا معنی بدلنے پر گناہ ہوگا اس کے پڑھنے کی تعداد ایک ہزار (۱۰۰۰) ہے۔

## ۲) دوسرا سبق

دوسرا ذکر شریف اثبات یعنی "الا اللّٰہ" پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلی دفعہ "الا اله الا اللّٰہ" طریقہ مذکورہ کے ساتھ پڑھے اور پھر دوسری بار "الا اللہ" کا ذکر شروع کرے اور بائیں کندھے سے قلب پر مذکورہ تصور کے ساتھ ضرب شدید لگائے۔ سو مرتبہ پورا ہونے پر "محمد رسول اللہ ﷺ" پڑھے۔ اس میں بھی الفاظ کو صحیح ادا کرنے میں احتیاط کرے۔ یہ بھی ہزار مرتبہ دہرانا ہے۔

## ۳) تیسرا سبق

اسم ذات یعنی ''اللہ'' پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلی بار ''اللہ جل جلالہ'' پھر ''اللہ اللہ'' اور سو مرتبہ پورا کرنے کے بعد ''اللہ جل جلالہ'' کہے۔ تصور کے ساتھ اس کی ضرب دل پر لگائے اور زبان سے بھی ادا کرے۔ اس کی تعداد بھی ایک ہزار (۱۰۰۰) ہے۔

## ۴) چوتھا سبق

''ھو'' طریقہ ذکر یہ ہے کہ ذکر ''ھو'' لطیفہ روح سے قلب، قلب سے سر، سر سے خفی، خفی سے اخفیٰ اور اخفیٰ سے دوبارہ روح پر لائے اور زبان سے بھی کہے اور اس کی حرکت کروی یعنی چرخ کی طرح گول گردش کرنی ہے۔ کلمہ ''ھو'' سے ایک تلوار تصور کر کے ماسویٰ اللہ کو تلوار سے کاٹنا ہے۔

کروی نقش بننے کے بعد ایک بلا کیف مینار لاتعین تک فرض کر کے اس مینار سے خارج (باہر کی جانب) عروج کرے۔ اس ذکر سے مینار کے خارج لاتعین تک کے مقامات میں سیر واقع ہوتی ہے اور فیض اسماء وصفات کی تفصیل سے وارد ہوتا ہے پہلی مرتبہ ''ھو جل جلالہ'' اور سو (۱۰۰) مرتبہ پورا کرنے کے بعد بھی ''جل جلالہ'' کہے۔ یہ عروجی سبق ہے، یہ بھی ایک ہزار مرتبہ پڑھنا ہے۔

## ۵) پانچواں سبق مراقبہ

طریقہ یہ ہے کہ نماز عصر اور نماز فجر کے بعد قعدہ کی صورت میں یعنی دوزانوں ہو کر بیٹھ جائے اور قبلہ سے ذرا سا دائیں جانب مڑ کر مدینہ منورہ کی طرف منہ کر کے سانس اور آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائے اور لطیفہ قلب میں تصور سے اللہ اللہ کہے اور اپنے لطیفہ قلب کو حضور ﷺ کے لطیفہ قلب مبارک کی طرف مدینہ منورہ میں مقابل تصور کر کے اکتساب فیض کر کے یوں تصور رہے کہ حضور ﷺ کے قلب مبارک سے میرے قلب میں انوارات منتقل ہو رہے ہیں

زبان کو اوپر کے تالو کے ساتھ ملائے رکھے اور کم از کم چار رکعت نماز یا ۵ منٹ کی مقدار مراقبہ کرے۔

مراقبہ کے دوران سانس ختم ہو جائے تو ناک کے ذریعہ سانس لے سکتے ہیں۔

## ۶) چھٹا سبق

''اللہ ھو'' طریقہ ذکر یہ ہے کہ ''اللہ'' کا تصور قلب پر اور ''ھو'' کا تصور روح پر ہو اور زبان سے بھی ادا

کرے اور مذکورہ مینار تصور کر کے اور اس مینار کے داخل یعنی اندر کی جانب گول گردش کے ساتھ لاتعین تک عروج کرے۔ اجمال و تفصیل مرتبہ اسماء وصفات دونوں سے فیض حاصل کرنا ہے۔ پہلی بار ''اللہ ھو جل جلالہ'' اور سو (۱۰۰) مرتبہ ہونے کے بعد بھی ''جل جلالہ'' پڑھے۔ دونوں الفاظ کو الگ الگ ظاہر کرے۔ یہ بھی ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پورا کرنا ہے۔

## ۷) ساتواں سبق

''ھواللہ'' طریقہ ذکر یہ ہے کہ ''ھو'' کا تصور روح پر اور ''اللہ'' کا قلب پر کرے ساتھ میں زبان سے بھی کہے اور لاتعین تک مینار کے اندر رسید ھا یعنی خط مستقیم میں عروج کرے۔ اور اس میں اسماء صفات باری تعالیٰ کے اجمال سے فیض حاصل کرے۔ احتیاط لازمی ہے کہ دونوں ناموں کو الگ الگ ظاہر کرے اور ایک دوسرے میں مدغم نہ کرے۔ تعداد پڑھائی ایک ہزار ہے۔

## ۸) آٹھواں سبق

''انت الھادی انت الحق لیس الھادی الاھو'' طریقہ ذکر یہ ہے کہ ''انت الھادی انت'' کا تصور قلب پر اور ''الحق'' کا اخفیٰ پر اور ''لیس الھادی'' اخفیٰ سے دوبارہ قلب تک ''الا'' قلب پر اور لفظ ''ھو'' کا تصور لطیفہ روح پر لے جائے۔ اور زبان سے بھی ادا کرے۔ یہ ذکر نہایت عجز و انکساری اور تواضع کے ساتھ کرے، یہ ذکر نزولی ہے۔ پڑھنے کی تعداد ایک ہزار (۱۰۰۰) ہے۔

## ۹) نواں سبق

درود شریف ان الفاظ کے ساتھ اللھم صل علی محمد و الہ و عترتہ بعدد کل معلوم لک اس ذکر کے کرنے کا افضل طریقہ یہ ہے کہ مدینہ منورہ کی سمت دو زانو ہو کر باوضو اور عطر لگا کر بیٹھ جائے۔ اس کا تصور اخفیٰ میں رکھے اور زبان سے بھی کہے اور حضور اکرم ﷺ کے اخفیٰ مبارک سے فیض حاصل کرے اور سو (۱۰۰) مرتبہ پورا ہونے پر یہ بھی ساتھ پڑھے۔

